کل نمبر:25 | اُردو (پنجم) ٹیسٹ نمبر 1 | وقت:25 منٹ

دوسرا مہینا، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** ماہانہ ٹیسٹ

حصہ اوّل

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (12)

1۔ ''کھوئے سے کھوا چھلنا'' سے مراد ہے:

(الف)	بہت بھیڑ ہونا	(ب)	بہت خوش ہونا	(ج)	بہت غصہ ہونا	(د)	بہت اداس ہونا

2۔ ساجد صاحب رضا اور آمنہ گھر لوٹ آئے:

(الف)	ایران میں	(ب)	بھارت میں	(ج)	افغانستان میں	(د)	مصر میں

3۔ رضا اور آمنہ کے دادا کا نام ہے:

(الف)	ساجد صاحب	(ب)	اسلم صاحب	(ج)	ماجد صاحب	(د)	سجاد صاحب

4۔ خط کی بنیادی اقسام ہیں:

(الف)	پانچ	(ب)	چار	(ج)	تین	(د)	دو

5۔ ''شہزادہ'' کی مؤنث ہے:

(الف)	ملکہ	(ب)	شہزادی	(ج)	ہم شیر	(د)	رانی

6۔ ۲۳۔مارچ کو فوجی پریڈ ہوتی ہے:

(الف)	اسلام آباد میں	(ب)	لاہور میں	(ج)	فیصل آباد میں	(د)	راول پنڈی میں

7۔ ہم آزادی کی خوشیاں مناتے ہیں:

(الف)	۱۴۔اگست کو	(ب)	۱۵۔اگست کو	(ج)	۱۶۔اگست کو	(د)	۱۷۔اگست کو

8۔ پاکستان کا مطلب کیا ہے؟

(الف)	لَا لہ الا اللّٰہ	(ب)	سبحان اللہ	(ج)	استغفر اللہ	(د)	ماشاءاللہ

9۔ نوجوان پاکستانی جھنڈوں سے سجائے گھوم رہے تھے:

(الف)	موٹر سائیکلوں کو	(ب)	کاروں کو	(ج)	رکشوں کو	(د)	ٹرکوں کو

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات 11،10 اور 12 کے جوابات دیں۔**

آمنہ: دادا جان! پاکستان کے قیام کا مقص کیا تھا؟

دادا جان: آمنہ تمھارا سوال بہت اہم ہے۔ پاکستان کے قیام کا مقصد ایک اسلامی فلاحی ریاست کی تشکیل تھا، جہاں اسلامی اُصولوں کے مطابق زندگی گزار سکیں۔ مسلمانانِ ہند نے اس مقصد کو ایک نعرے میں سمیت دیا تھا کہ ''پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللّٰہ''

آمنہ: دادا جان! پاکستان کی خاطر لوگوں نے قربانیاں بھی تو بہت پیش کی تھیں۔

ساجد صاحب (دادا جان) تھوڑی دیر کے لیے ماضی کی یادوں میں کھو گئے، پھر کہنے لگے۔

دادا جان: پاکستان کی خاطر مسلمانوں نے دن رات ایک کر دیا، اپنی جانوں کا قیمتی نذرانہ پیش کیا۔ کروڑوں کی جائیدادیں ارکئی نسلوں سے آباد گھروں کو پاکستان کی خاطر چھوڑ دیا اور خالی ہاتھ سرزمینِ پاکستان آن پہنچے۔

رضا: پاکستان بننے کے بعد اب ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں؟

دادا جان: ۱۴/اگست کو ہم نے آزادی کا یہ اصل کی تو نشانِ منزل تک پہنچے۔ اس مقصد اور منزل کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھنا چاہیے۔ ۱۴/اگست کو آزادی کی خوشیاں مناتے ہوئے آزادی کا یہ اصل مقصد کبھی فراموش نہیں کرنا چاہیے۔ ہمیں یہ بات کبھی نہیں بھولنی چاہیے کہ آزادی حاصل کرنا جتنا مشکل اور صبر آزما مرحلہ ہے، آزادی کو برقرار رکھنا اس سے بھی مشکل ہے۔ اس لیے ہم سب کو عہد کرنا چاہیے کہ پاکستان کو ایک مضبوط اسلامی فلاحی ریاست بنائیں گے۔

10۔ مندرجہ بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	قومی تہوار	(ب)	رحمتِ عالم خاتم النبیین ﷺ
(ج)	اے وطن! تو سلامت رہے	(د)	جو وعدہ کرو سو پورا کرو

11۔ ''ماضی'' کا متضاد ہے:

(الف)	حال	(ب)	مستقبل	(ج)	متعدی	(د)	مضارع

12۔ پاکستان کی خاطر مسلمانوں نے ____________ ایک کر دیا۔

(الف)	دن شام	(ب)	دن رات	(ج)	دن دوپہر	(د)	دن صبح

حصہ دوم

(6)

سوال نمبر 1: ''حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

یا

سوال نمبر 2: ''دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

حصہ سوم

(6)

سوال نمبر 1: امتحان میں کامیاب ہونے کی اطلاع دینے کے لیے والد کے نام خط لکھیں۔

یا

سوال نمبر 2: پرنسپل کے نام رخصت بیماری کی درخواست لکھیں۔